Roll No..........................

# MAUL-202

**Tarjuma Nigari Aur Ablaghiyat**

**(ترجمہ نگاری اور ابلاغیات)**

Master of Arts (MA-12/16) URDU

Second Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 60**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں 'الف'، 'ب' اور 'ج' پر مشتمل ہے۔ تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

## (حصّہ الف)

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے ۱۵ نمبر ہیں۔

۲×۱۵=۳۰

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کا ترجمہ اردو سے ہندی یا انگریزی میں کیجئے۔

میں کل صبح کی گاڑی سے شاداب کی شادی میں شرکت





کرنے کے لیے کانپور جاؤں گا۔ میرے بہت سے دوست بھی وہاں پہنچ چکے ہوں گے۔ میں شاداب کے لیے بہت سے تحائف لے جاؤں گا۔ اس کی شادی کے موقع پر ہم سب دوست خوب موج مستی کریں گے۔ کانپور میں تین روز قیام کرنے کے بعد ہم سب لوگ دہلی چلے جائیں گے۔ دہلی میں لال قلعہ، جامع مسجد، قطب مینار، لوٹس ٹیمپل، برلا مندر اور حضرت نظام الدین اولیاء کی مزار دیکھیں گے۔ لیکن ہم لوگ وہاں بہت دنوں تک نہیں ٹھہر سکیں گے۔ وہاں سے ہم لوگ مرادآباد اور رام پور ہوتے ہوئے نینی تال جائیں گے۔ وہاں ہم لوگ کئی روز تک قیام کریں گے۔ میرے والد محترم وہیں رہتے ہیں۔ گرمیوں کی تعطیل کے تمام دن ہم وہیں گزاریں گے۔ جولائی کا مہینہ شروع ہونے سے قبل ہم واپس آجائیں گے اور اسکول جانے کی تیّاری کرنے لگیں گے۔

یا

This is a time when work is needed, when labour is required, peace is required, co-operative effort is required. All the concentrated energies that the nation possesses are required to be put to the great task of the nnation. What are we doing? No doubt, many of us are working to that end, many of us are trying our utmost to that end. No doubt, the nation is advancing and progressing. Nevertheless, when I look around me, I see not an atmosphere of work, not a psychology of things being done, but only talk, only criticism and running down and finding fault, petty faction and the like.

۲۔ ترجمے کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ اظہار خیال کیجئے۔

۳۔ اردو صحافت کے آغاز و ارتقاء کے عنوان سے ایک مضمون قلم بند کیجئے۔

۴۔ جنگِ آزادی میں اخبارات کے رول پر اظہار خیال کیجئے۔





(حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے جوابات دیجئے۔ ہر سوال کے ۵ نمبر ہیں۔ ۴×۵=۲۰

۱۔ کالم نگاری کی خصوصیات قلم بند کیجئے۔

۲۔ تبصرہ نگاری کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ اظہار خیال کیجئے۔

۳۔ ترسیل کے مختلف ذرائع کیا ہیں؟ نشان دہی کیجئے۔

۴۔ اردو صحافت میں ''جامِ جہاں نما'' اخبار کے رول اور اہمیت پر اظہار خیال کیجئے۔

۵۔ غیر کلامی ترسیل (Non-verbal communication) سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجئے۔

۶۔ تعلّقاتِ عامہ کے اہم مراحل کیا ہیں؟ نشان دہی کیجئے۔

۷۔ مذہبی مواد کا ترجمہ کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے۔ اظہار خیال کیجئے۔

۸۔ پرنٹ میڈیا میں سب سے اہم ذریعۂ ابلاغ کیا ہے؟ واضح کیجئے۔

## (حصّہ ج)

درج ذیل سبھی دس(۱۰) معروضی سوالات کے صحیح جوابات لکھئے۔ ہرسوال ۱نمبر کا ہے۔ ۱۰=۱۰×۱

۱۔ ''ٹیلی''(Tele) کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) انگریزی

(ب) یونانی

(ج) عربی

(د) سنسکرت

۲۔ درج ذیل میں سے الکٹرانک میڈیا کا تعلق کس سے نہیں ہے؟

(الف) انٹرنیٹ

(ب) ٹیلی ویژن

(ج) ریڈیو

(د) اخبار





۳۔ ''اصول وضع اصطلاحات'' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) الطاف حسین حالؔی

(ب) مولوی عبدالحق

(ج) فرحت اللہ بیگ

(د) وحیدالدین سلیم

۴۔ درج ذیل میں سے کس کتاب کا تعلق اردو ابلاغیات سے ہے؟

(الف) فن اور فنکار

(ب) فرہنگ باغ بہار

(ج) فرہنگِ فسانۂ عجائب

(د) اردو اور عوامی ذرائع ابلاغ

۵۔ نشریات کے لیے انگریزی میں کون سی اصطلاح مستعمل ہے؟

(الف) رپورٹ

(ب) نیوز ریل

(ج) براڈ کاسٹنگ

(د) ریڈیو برج پروگرام

۶۔ ''میڈیا روپ اور بہروپ'' کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(الف) دیویندر اسر

(ب) اظہار عثمانی

(ج) انجم عثمانی

(د) سہیل انجم

۷۔ ویژن (Vision) کے معنی کیا ہیں؟

(الف) چھپنا یا چھپانا

(ب) دیکھنا یا دکھائی دینا

(ج) بولنا یا کہنا

(د) سُننا یا سُنائی دینا

۸۔ Communication کے لئے اردو میں کس اصطلاح کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(الف) شرح

(ب) اشاعت

(ج) طباعت

(د) ترسیل





۹۔ اشاروں، کنایوں یا جسمانی حرکات کے ذریعہ ترسیلی عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) کلامی ترسیل

(ب) درونِ ذاتی ترسیل

(ج) غیر کلامی ترسیل

(د) بین شخصی ترسیل

۱۰۔ درج ذیل میں سے ابلاغیات کے واحد کی نشان دہی کیجیے؟

(الف) ابلاغ

(ب) بلوغ

(ج) بالغ

(د) بلاغت